FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

AW—1046

**B.Sc. Part–I (Semester–II) Examination**

**URDU (Old)**

**(Compulsory)**

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 40

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کن ہی دو کے جوابات دیجئے :— 8

(۱) اردو کے آغاز کے متعلق گوپی چند نارنگ نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

(۲) قومی یکجہتی کے فروغ میں اردو افسانہ نگاروں کی خدمات بیان کیجئے۔

(۳) قلعہ معلی میں سلونو کا تہوار کس طرح منایا جاتا تھا؟

(۴) کوٹلہ میں جمعرات کے بازار کی رونق کیسی ہوا کرتی تھی؟

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو بندوں کی تشریح کیجئے :— 8

(۱)
جہاں خون جگر پیتے رہے اہل ہنر برسوں
جہاں گھلتا رہا رنگوں میں آہوں کا اثر برسوں
جہاں کھنچتا رہا پتھر پہ عکس خیر و شر برسوں
جہاں قائم رہے گی جنت قلب و نظر برسوں
جہاں نغمے جنم لیتے ہیں رنگینی برستی ہے
دکن کی گود میں آباد وہ خوابوں کی بستی ہے

(۲)
جیتے لمحات کے سوئے ہوئے طوفانوں میں
تیرتے پھرتے ہیں پھوٹی ہوئی آنکھوں کے حباب
تابش رنگ شفق، آتش روئے خورشید
مل کے چہرے پہ سحر آئی ہے خون احباب
جانے کس موڑ پہ کس راہ میں کیا بیتی ہے؟
کس سے ممکن ہے تمناؤں کے زخموں کا حساب

(۳)
ہنرمندوں نے شہ کاروں میں جیسے جان بھر دی ہے
ترازو دل میں ہوجاتی ہے وہ کافر نظر دی ہے
اداؤں سے عیاں ہے لذت درد جگر دی ہے
کھلیں گے راز اس ڈر سے دہن پہ مہر کردی ہے
یہ تصویریں بظاہر ساکت و خاموش رہتی ہیں
مگر اہل نظر پوچھیں تو دل کی بات کہتی ہیں


www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(۴) دیکھتی پھرتی ہے ایک ایک کا منھ خاموشی
جانے کیا بات ہے؟ شرمندہ ہے انداز خطاب
در بہ در ٹھوکریں کھاتے ہوئے پھرتے ہیں سوال
اور مجرم کی طرح ان سے گریزاں ہیں جواب
سرکشی! پھر میں تجھے آج صدا دیتا ہوں
میں ترا شاعر آوارہ و بے باک و خراب

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو سوالوں کے جواب دیجیے :- 8

(۱) مجتبیٰ حسین کے خیال میں جاپانی، سفر کے کون سے آداب سے واقف نہیں؟

(۲) جاپانی ٹرینوں کی پابندی وقت کا تجربہ مصنف کو کس طرح ہوا؟

(۳) بلٹ ٹرین میں دھکے نہ لگنے کی کیا وجہ تھی؟

(۴) جاپانی ٹرینیں کن سہولیات سے آراستہ ہوتی ہیں؟

سوال نمبر۴۔ کسی ایک سوال کا مفصل جواب دیجیے :- 8

(۱) نورخاں اپنے ملازمتی فرائض کس طرح انجام دیتے تھے؟

(۲) نواب برزور جنگ نے نورخاں کو مقبرے کے باغ کی نگرانی سے کیوں برطرف کر دیا؟

سوال نمبر۵۔ (الف) کسی ایک خیال کی توسیع کیجیے :- 4

(۱) جان ہے تو جہان ہے

(۲) پاکی آدھا ایمان ہے

(ب) درج ذیل میں سے کن ہی چار محاوروں کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ مطلب واضح ہو جائے :- 4

(۱) اللہ کا نام ہونا

(۲) رنگ فق ہو جانا

(۳) لہو کے گھونٹ پی کے رہ جانا

(۴) جان پر بن جانا

(۵) جوتیاں چٹخانا

(۶) کلیجے پر سانپ لوٹنا

(۷) آنکھوں پر پردہ پڑ جانا

(۸) خدا لگتی کہنا


www.FirstRanker.com